السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مرداگران عورتوں کے چہروں اوراجسام کودیکھیں جوٹیلی ویژن یاسینما یاویڈیو کے پردوں پردکھائی جاتی ہیں یاگانے والی عورتیں پیش کی جاتی ہیں یااوراق پر عورتوں کی تصاویر کودیکھیں توکیا یہ ان کےلیے جائز ہے ؟ ((ع۔ح۔ع۔ح

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسی تصویروں کی طرف دیکھنا حرام ہے کیونکہ اس بات پر فتنہ پیدا ہوتا ہے ۔ سورہ نور کی آیت کریمہ اس طرح ہے ۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :

قُل لِّلْمُؤْمِنِينَ يَغُضُّوا مِنْ أَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوا فُرُوجَهُمْ ذَٰلِكَ أَزْكَىٰ لَهُمْ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا يَصْنَعُونَ ٣٠ ...النور

''اے پیغمبر! مومنوں سے کہہ دیجئے کہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اوراپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں ۔ یہ بات ان کےلیے پاکیزہ تر ہے ۔ بے شک اللہ تعالیٰ ان کاموں سے خبر دار ہے جووہ کرتے ہیں ۔''

یہ آیت زندہ عورتوں اور تصویری عورتوں سب کوعام ہے ۔ خواہ اوراق میں ہوں یا ٹیلی ویژن کے پردہ پر ہوں یاکسی اورچیز میں ہو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ